**16-04-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... شمیم احمد

---

**Music**

---

1 لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کی چناؤ مہم ختم ہونے میں ایک دن رہ گیا ہے۔ سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ لیڈر مختلف ریاستوں میں ریلیاں کر رہے ہیں۔

2 چھتیس گڑھ کے کانکیر ضلعے میں سکیورٹی دستوں کے ساتھ تصادم میں کم از کم 29 ماؤنواز مارے گئے ہیں۔

3 وزیر خزانہ نرملا سیتارمن نے کہا ہے کہ گذشتہ تین مالی برسوں میں بھارت سب سے تیز رفتار ترقی کرنے والی معیشت رہا ہے۔

4 بین الاقوامی مالی فنڈ نے کہا ہے کہ موجودہ مالی سال میں بھارت کی GDP کی شرح ترقی چھ اعشاریہ آٹھ فیصد رہے گی جو پہلے کے اندازے سے زیادہ ہے۔

5 اور IPL کرکٹ میں، کولکاتہ کے Eden Gardens میں راجستھان رائلز اور کولکاتہ نائٹ رائڈرس کے درمیان میچ جاری ہے۔

---

**Music**

---

اب خبریں تفصیل سے

**LS POLLS**

لوک سبھا انتخابات کے پہلے اور دوسرے مرحلے کیلئے مختلف سیاسی پارٹیوں کے بڑے لیڈر ایک کے بعد ایک ریلیاں کر رہے ہیں۔ پہلے مرحلے کے تحت اِس ماہ کی 19 تاریخ کو پولنگ ہوگی۔

مغربی بنگال میں BJP کے سینئر لیڈر اور وزیر اعظم نریندر مودی نے رائے گنج پارلیمانی حلقے میں آج پارٹی کے امیدوار کی حمایت میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کیا۔ انھوں نے TMC کی لیڈر ممتا بنرجی پر CAA کے بارے میں افواہیں پھیلانے کا الزام لگایا۔

S/B: New PM at WB

TMC کے لیڈر ابھیشک بنرجی نے بھی کوچ بہار سے پارٹی کے لوک سبھا امیدوار کی حمایت میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کیا۔

انھوں نے کہا کہ BJP مغربی بنگال کے کلچر کو نہیں جانتی۔

تریپورہ میں تریپورہ مغربی پارلیمانی حلقے کیلئے انتخابی مہم عروج پر پہنچ گئی ہے۔ کانگریس جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی واڈرا نے اگرتلہ میں آج ایک روڈ شو کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کانگریس لیڈر نے BJP پر نوجوانوں کو روزگار فراہم نہ کرنے کا الزام لگایا۔ BJP کے سینئر لیڈر اور وزیر اعظم نریندر مودی، کل اگرتلہ میں انتخابی ریلی سے خطاب کریں گے۔

منی پور میں انتخابات سے متعلق اہلکاروں نے اندرونی اور دور دراز مقامات کیلئے آج سے اپنے مقررہ پولنگ مراکز کی طرف سے سفر شروع کر دیا ہے۔ پہلے مرحلے میں ایک ہزار 404 پولنگ مراکز پر ووٹ ڈالے جائیں گے۔

اروناچل پردیش میں ایک ہی مرحلے میں 19 اپریل کو لوک سبھا اور اسمبلی انتخابات ساتھ ساتھ ہو رہے ہیں۔ سرحدی ریاست میں آزادانہ اور منصفانہ انتخابات کرانے کیلئے تمام انتخابی تیاریاں کرلی گئی ہیں۔

تمل ناڈو میں انتخابی مہم زور و شور سے جاری ہے۔ BJP کے لیڈر JP نڈا، راج ناتھ سنگھ اور دیگر سیاسی پارٹیوں کے لیڈر اپنی پارٹی کے امیدواروں کیلئے انتخابی مہم میں حصہ لے رہے ہیں۔ BJP کے سینئر لیڈر اور وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے آج تھِرو وَنّا ملائی میں ایک روڈ شو کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ ملک میں ایک متحدہ ثقافت ہونی چاہیے۔

اِدھر Modakurichi میں چناؤ مہم میں DMK نوجوانوں کے وِنگ کے لیڈر اور ریاست کے کھیلوں کے وزیر اُدھیا ندھی اسٹالن نے مرکز پر ریاستوں بالخصوص تمل ناڈو کو GST میں محصولات کا غیر مساوی حصہ دینے کا الزام لگایا۔ راجستھان میں BJP ، کانگریس، راشٹریہ لوک تانترک پارٹی، CPI-M اور دیگر پارٹیوں نے آج مختلف مقامات پر انتخابی مہم کی۔

اترپردیش میں تیسرے مرحلے کے پارلیمانی انتخابات کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل جاری ہے۔ سماجوادی پارٹی کی امیدوار اور موجودہ ممبر پارلیمنٹ ڈمپل یادو نے آج مین پوری سیٹ سے اپنے پرچے داخل کیے۔ BJP کے امیدوار جے ویر سنگھ نے کل اِس سیٹ سے اپنے پرچے داخل کیے گئے۔x

## NAGALAND ELECTION PROFILING

ناگالینڈ میں پہلے مرحلے کے لوک سبھا انتخابات کیلئے 19 اپریل کو پولنگ ہوگی۔ ناگالینڈ ریاست کی صرف ایک پارلیمانی سیٹ ہے۔ ناگالینڈ کی واحد لوک سبھا سیٹ کیلئے تین امیدوار میدان میں ہیں۔ نیشلسٹ ڈیموکریٹک پروگریسو پارٹی نے ڈاکٹر Chumben Murry کو، کانگریس نے ناگالینڈ کانگریس کے صدر S Supongmeren Jamir کو امیدوار بنایا ہے جبکہ Hayithung Tungoe Lotha آزاد امیدوار ہیں۔

ناگالینڈ میں تقریباً 13 لاکھ 17 ہزار 536 رائے دہندگان تین امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔ البتہ ناگالینڈ کے مشرقی حصے کے 6 ضلعوں میں فرنٹیئر ناگالینڈ ٹیریٹری کے اپنے مطالبے کے سلسلے میں انتخابات میں شرکت سے غیر حاضر رہنے کا فیصلہ کیا ہے۔

اِس مرتبہ لوک سبھا کی واحد سیٹ کیلئے تین طرفہ مقابلہ ہے۔ NDPP نے BJP اور سات دیگر پارٹیوں کے ساتھ اتحاد کیا ہے۔ پچھلے لوک سبھا انتخابات 2019 کے دوران ناگالینڈ میں مجموعی طور پر 83 فیصد ووٹ پڑے تھے اور NDPP نے جیت حاصل کی تھی۔

کوہیما سے آکاشوانی خبروں کیلئے Asonuo کے ساتھ میں فرقان احمد۔

## EC POLITICAL PARTIES

انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ مثالی ضابطۂ عمل نافذ ہونے کے بعد سے مختلف سیاسی پارٹیوں اور امیدواروں نے اب تک تقریباً 200 شکایتیں درج کرائی ہیں۔ اِن میں سے 169 معاملات میں کارروائی کی جاچکی ہے۔ لوک سبھا انتخابات کی تاریخوں کا اعلان ہونے کے ساتھ ہی مثالی ضابطۂ عمل پچھلے مہینے کی 16 تاریخ کو نافذ ہوا تھا۔

انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ اِسے 51 شکایتیں BJP کی طرف سے، 59 کانگریس پارٹی سے اور 90 شکایتیں دیگر سیاسی پارٹیوں کی طرف سے موصول ہوئی ہیں۔

کمیشن نے کہا ہے کہ وہ سیاسی پارٹیوں کی جانب سے مثالی ضابطۂ عمل پر کاربند رہنے سے مطمئن ہے اور مختلف پارٹیوں اور امیدواروں کی چناؤ مہم بڑی حد تک خوش اسلوبی کے ساتھ چل رہی ہے۔x

## ECI SURJEWALA

انتخابی کمیشن نے، کانگریس لیڈر رندیپ سنگھ سُرجے والا کو 48 گھنٹے کے لیے انتخابی مہم میں شامل ہونے سے روک دیا ہے۔ BJP کی لیڈر ہیمامالنی کے خلاف اُن کی رائے زنی کی بنا پر ایسا کیا گیا ہے۔ جناب سُرجے والا پر آج شام چھ بجے سے 48 گھنٹے کے لیے کسی طرح کے عوامی جلسے، ریلی، روڈ شو کرنے اور انٹرویو پر روک لگا دی گئی

ہے۔ اِس مدت کے دوران وہ ذرائع ابلاغ سے بھی بات نہیں کر سکیں گے۔

اپنے حکم میں چناؤ کمیشن نے کانگریس لیڈر سُرجے والا کے قابل اعتراض بیان کی سخت مذمت کی ہے۔×

## BJP EC MEET

BJP کے ایک وفد نے آج انتخابی کمیشن سے ملاقات کی اور NDA کارکنوں کے خلاف سرکاری مشینری کے مبینہ بیجا استعمال کے سلسلے میں جگن موہن ریڈی کی زیر قیادت آندھرا پردیش سرکار کے خلاف شکایت درج کرائی ہے۔

اِس وفد میں BJP کے جنرل سکریٹری ارون سنگھ، اوم پاٹھک، تیلگودیشم پارٹی کے ممبر رویندر کمار، جَن سینا پیارٹی کے چیئرپرسن این۔منوہر اور دیگر لیڈر شامل تھے، جنھوں نے اِس معاملے پر آج نئی دلی میں انتخابی کمیشن سے رجوع کیا۔

میٹنگ کے بعد نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے ارون سنگھ نے کہا کہ پارٹی کے وفد نے آندھرا پردیش میں حکمراں پارٹی کے حق میں کام کرنے کے لیے سرکاری مشینری پر دباؤ ڈالنے کی مبینہ کوشش کی چھان بین کرائے جانے کا مطالبہ کیا ہے۔

جناب ارون سنگھ نے بتایا کہ انہوں نے حساس پولنگ مراکز پر ویڈیو گرافی اور مرکزی پولیس فورس تعینات کیے جانے کا بھی مطالبہ کیا ہے۔×

## J&K ECI SEIZURE

جموں وکشمیر میں، انفورسمنٹ ایجنسیوں نے انتخابی کمیشن کی ہدایات کے تناظر میں جمعہ کو لوک سبھا انتخابات کی پہلے مرحلے کی پولنگ سے پہلے ہی 4 کروڑ 28 لاکھ روپے مالیت کی رقم اور لبھانے کے لیے استعمال ہونے والی دیگر اشیاء ضبط کی ہیں۔ آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ جموں وکشمیر میں انتخابی کمیشن کی جانب سے فراہم کیے گئے اعداد و شمار کے مطابق مرکز اور اس کے زیر انتظام علاقے کی مختلف انفورسمنٹ ایجنسیوں نے سوا کروڑ روپے نقد رقم، 63 لاکھ روپے مالیت کی تقریباً 24 ہزار لیٹر شراب، دو کروڑ 35 لاکھ روپے مالیت کی منشیات، پانچ لاکھ 60 ہزار کروڑ روپے مالیت کی مفت تقسیم کیے جانے والی اشیا اور دیگر سامان ضبط کیا ہے۔×

## REV CHHATTISGARH MAOISTS

چھتیس گڑھ کے کانکیر ضلع میں آج سکیورٹی فورسز کے ساتھ ایک تصادم میں 29 ماؤنواز ہلاک ہوئے۔ دونوں

طرف سے ہوئی گولی باری میں سرحدی حفاظتی دستے BSF کے ایک انسپکٹر سمیت 3 جوان زخمی ہوئے ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔

چھتیس گڑھ میں ماؤنوازوں کے خلاف یہ اب تک کا سب سے بڑا تصادم ہے۔ BSF اور ضلع ریزرو گارڈ کی مشترکہ ٹیم علاقے میں ماؤنوازوں کی موجودگی سے ملے ایک سراغ کی بنیاد پر تلاشی کی کارروائی پر تھی۔ بستر ڈویژن میں کانکیر ضلع کے چھوٹا بیٹھیا پولیس تھانے کے تحت Hapatola کے جنگلات میں آج سہ پہر سیکیورٹی فورسز کے اور ماؤنوازوں کے درمیان تصادم ہوا۔ دونوں طرف سے تقریباً ڈھائی گھنٹے تک گولیاں چلائی جاتی رہیں۔

جھڑپ میں بڑی تعداد میں ماؤنواز ہلاک ہوئے۔ اب تک جائے موقعہ سے 29 ماؤنوازوں کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں۔ دونوں طرف سے چلی گولیوں میں BSF کے 3 جوان زخمی ہوئے ہیں۔

زخمیوں کو بہتر علاج کیلئے بذریعہ ہوائی جہاز راجدھانی رائے پور لایا جا رہا ہے۔

جائے موقعہ سے تقریباً پندرہ ہتھیار، جس میں AK-47 رائفلیں اور لائٹ مشین گن شامل ہیں، ضبط کیے گئے ہیں۔ علاقے میں تلاشی کی کارروائی جاری ہے۔

رائے پور سے آکاشوانی خبروں کیلئے Vikalp Shukla کی رپورٹ کے ساتھ میں فیصل حبیب۔

## ASSAM RIFELS AMBUSH

آسام میں، آج صبح Namdhang کے نزدیک نامعلوم افراد نے آسام رائفلز کی تین موٹرگاڑیوں کے گشتی دستے پر گھات لگا کر حملہ کیا۔ محکمۂ دفاع کے اخباری بیان کے مطابق فوجیوں نے جوابی کارروائی کرتے ہوئے اِس حملے کو ناکام بنا دیا۔ اِس کارروائی میں ایک شخص کو گولی لگنے سے زخم آئے ہیں۔ زخمی شخص کو جورہاٹ کے ملٹری اسپتال پہنچایا گیا ہے اور اُس کی حالت مستحکم بتائی گئی ہے۔ آسام رائفلز کا یہ گشتی دستہ Changlang سے Margherita جا رہا تھا۔×

## JAIPUR SITHARAMAN

مرکزی وزیر خزانہ اور BJP کی سرکردہ لیڈر نرملا سیتارمن نے کہا ہے کہ گزشتہ تین مالی برسوں میں بھارت لگاتار تیزی کے ساتھ ترقی کرنے والی معیشت رہا ہے اور یہ سلسلہ آنے والے برسوں میں بھی جاری رہ سکتا ہے۔ آج جے پور میں صنعت کاروں اور کاروباری افراد کے ساتھ گفتگو کرتے ہوئے محترمہ سیتارمن نے کہا کہ اگلے 25 سال بھارت کے لیے اہمیت کے حامل رہیں گے۔

انہوں نے کہا کہ مالی سال 24-2023 میں تین سہ ماہی کے دوران بھارت کی شرح ترقی آٹھ فیصد

رہی اور چوتھی سہ ماہی میں بھی شرح ترقی کی سطح اِسی طرح رہنے کا اندازہ لگایا گیا ہے۔ محترمہ سیتارمن نے کہا کہ غیرملکی سرمایہ کار بھارت کی معیشت کی ساکھ کی وجہ سے ملک میں سرمایہ کاری کے لیے آرہے ہیں۔

انہوں نے کہاکہ اقتصادی پالیسی، وسیع تر میکرو اقتصادی استحکام، مستحکم سرکار، مضبوط ٹیکس پالیسی، شفاف ٹینڈر اور سرکاری خرید نظام کے تناظر میں بیرون ملک بھارتی معیشت کی اچھی ساکھ قائم ہوئی ہے اور یہی وجہ ہے کہ سرمایہ کار سرمایہ لگانے کے لیے یہاں آرہے ہیں۔×

## INF GDP FY 25

بین الاقوامی مالی فنڈ نے کہا ہے کہ موجودہ مالی سال میں بھارت کی GDP کی شرح ترقی چھ اعشاریہ آٹھ فیصد رہے گی جو پہلے کے اندازے سے زیادہ ہے۔ عالمی اقتصادی منظر نامے کےتعلق سے بین الاقوامی مالی فنڈ نے ساڑھے چھ فیصد کی جنوری کی اپنی پیشگوئی میں صفر اعشاریہ تین فیصد کا اضافہ کیا ہے۔ اپنی رپورٹ میں IMF نے کہا ہے کہ سال 2024-25 میں بھارت کی شرح ترقی چھ اعشاریہ آٹھ فیصد رہنے کا اندازہ لگایا گیا ہے جبکہ مالی سال 2025-26 میں یہ ساڑھے چھ فیصد رہے گی۔

اُس نے یہ بھی کہا ہے کہ سال 2023 میں عالمی شرح ترقی کے تین اعشاریہ دو فیصد رہنے کا اندازہ لگایا گیا تھا اور مالی سال 2024-25 نیز مالی سال 2025-26 میں بھی یہی رفتار برقرار رہنے کا امکان ہے۔

اِس طرح بھارت بدستور دنیا کی تیز رفتار ترقی کرنے والی معیشت والا ملک ہے اور جو اسی مدت کے دوران چار اعشاریہ چھ فیصد کی چین کی شرح ترقی سے آگے ہے۔×

## ABHA CGHS

وزارت صحت نے لوگوں پر زور دیا ہے کہ وہ مرکزی سرکار کی صحت اسکیم CGHS ریکارڈز کو ABHA نمبر کے ساتھ منسلک کرنے کے اُس کے حالیہ اقدام پر غلط باتیں پھیلانے کے سلسلے کو روکیں۔ وزارت نے کہا ہے کہ مذکورہ قدم کا مقصد مریضوں اور CGHS سے مستفید ہونے والے افراد کا میڈیکل ریکارڈ اُن کے موبائل فون پر دستیاب کرانا ہے۔

صحت کی وزارت نے زور دے کر کہا ہے کہ متعلقہ ریکارڈز کو منسلک کرنے سے اسپتال میڈیکل ریکارڈس کو اپنے پاس روک کر نہیں رکھ سکیں گے، جس سے رقم اور وقت ضائع ہوتے ہیں۔ وزارت نے یہ بات دوہرائی ہے کہ سرکار کا مقصد کچھ بھی چھپانے کا نہیں ہے۔

صحت کی وزارت نے اِس الزام کو مسترد کر دیا ہے کہ سرکار عوام کے پیسے پر نظر رکھنے کے لیے ABHA کا

استعمال کر رہی ہے۔ اُس نے کہا ہے کہ ABHA، سرکار کی کسی بھی مالی اسکیم کے ساتھ منسلک نہیں ہے۔x

**SC RAMDEV**

سپریم کورٹ نے پتنجلی آیورویدکے خلاف توہین عدالت کیس کی سماعت کی اگلی تاریخ 23 اپریل مقرر کی ہے۔ کمپنی کی دواؤں کے گمراہ کن اشتہارات کے سلسلے میں یہ کیس دائر کیا گیا تھا۔

یوگ گرو رام دیو اور آچاریہ بال کرشن سماعت کے دوران بذات خود موجود رہے۔ پتنجلی آیوروید کے خلاف یہ درخواست انڈین میڈیکل ایسوسی ایشن نے دائر کی ہے۔

اس سے پہلے اس مہینے کی دس تاریخ کو کیس کی سماعت کرتے ہوئے عدالت عالیہ نے رام دیو اور آچاریہ بال کرشن کی غیرمشروط معافی کو نامنظور کر دیا تھا۔x

**ISRAEL IRAN CONFLICT**

بین الاقوامی توانائی ایجنسی IAEA نے ایران کی نیوکلیائی تنصیبات پر اسرائیل کے ممکنہ حملے کے سلسلے میں تشویش ظاہر کی ہے۔ IAEA کے ڈائریکٹر جنرل ریفل گروسی نے انتہائی صبر وتحمل برتنے کی اپیل کی ہے۔ انھوں نے اطلاع دی کہ ایران نے اپنی نیوکلیائی تنصیبات کو عارضی طور پر بند کر دیا ہے۔ گزشتہ ہفتے کے آخر میں اسرائیل پر اُس کے زبردست میزائل اور ڈرون حملے کے تناظر میں سکیورٹی خدشات کے پیش نظر اُس نے ایسا کیا ہے۔

اِدھر اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامن نیتن یاہو نے ایران کے حملے کے جواب میں کارروائی کا فیصلہ کرنے کی غرض سے کل سے چوبیس گھنٹے سے بھی کم مدت میں دوسری مرتبہ اپنی جنگی کابینہ کی میٹنگ طلب کی ہے۔ x

**IMD FRSH RAINFALL**

بھارتی موسمیات محکمے نے اس مہینے کی 18 تاریخ سے 21 تاریخ تک شمال مغربی بھارت میں پھر سے تیز ہواؤں کے ساتھ بارش ہونے اور گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کی پیشگوئی کی ہے۔ جموں، کشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان، مظفرآباد، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں کہیں ہلکی اور کہیں اوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔

بھارتی موسمیات محکمے نے بتایا ہے کہ پنجاب، ہریانہ، دلی، مغربی اترپردیش، مشرقی راجستھان اور مغربی راجستھان میں کہیں کہیں بارش ہوسکتی ہیں۔x

**IPL CRICKET**

IPL کرکٹ میں، کولکاتہ کے Eden Gardens میں کولکاتہ نائٹ رائڈرس نے راجستھان رائلس کے

سامنے 224 رن کا نشانہ رکھا ہے۔

اس سے پہلے راجستھان رائلس نے ٹاس جیت کر کولکاتہ نائٹ رائڈرس سے بلے بازی کرنے کو کہا اور اُس نے مقررہ 20 اوورز میں 6 وکٹ پر 223 رن بنائے۔×

☆☆☆☆☆